© rasailojaraid.com


ادبیات

# مشعلِ راہِ ہدایت "صحبتے با اہلِ حق"

محمد ابراھیم فانی غفرلہ، ۱۹ر دسمبر ۹۲ء

"صحبتے با اہلِ حق" محدث کبیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق کی علمی و دینی تعلیمات اور ارشادات کا وقیع مجموعہ ہے جو ۴۰۶ صفحات پر مشتمل ہے اور جسے مؤتمر المصنفین نے شائع کیا ہے چند روز قبل مطالعہ میں رہی، لطف اندوز ہوا بھرپور استفادہ ہوا تو چند منظوم تاثرات بھی منضبط ہوگئے نذر قارئین ہیں۔ فانی

باعثِ تسکین و راحت "صحبتے با اہلِ حق"
بہتر از صد سالہ طاعت "صحبتے با اہلِ حق"

جس سے ملتا ہے سکونِ روح و جاں آرامِ دل
آشکارا وہ حقیقت "صحبتے با اہلِ حق"

شیخ عبدالحقؒ کی مجلس کا وہ منظر دیکھنا
یہ کتابِ خوبصورت "صحبتے با اہلِ حق"

اس کے جامع شیخ کے تلمیذ حقانی[1] تو ہیں
دیکھئے ان کی یہ محنت "صحبتے با اہلِ حق"

عشقِ حق سے خالی و مردہ دلوں کے واسطے
نسخۂ عشق و محبت "صحبتے با اہلِ حق"

فانی بیچارہ گویا یہ کتاب لاجواب
مشعلِ راہِ ہدایت "صحبتے با اہلِ حق"

---

[1] مولانا عبدالقیوم حقانی


© rasailojaraid.com